Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۴	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۰ رجب المرجب سنہ ۱۳۴۴ھ مطابق ۲۵ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء	جلد ۳۰

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت انسپکٹر صاحب مویشی خانہ جات	۱
۲	″ سپرنٹنڈنٹ صاحب دفتر تعمیرات	۲
۳	تبادلہ مع اضافہ جیلا خانہ ہیڈ کانسٹبل	″
۴	″ ڈاکٹران	″
۵	منتقلی موضع لاری از میونسپلٹی بہ میونسپلٹی	″
۶	اعلان کتب جدید الطبع	″
۷	نقشہ نرخ فروخت اجناس	ضمیمہ

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۲۰ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت در بارۂ منظوری رخصت تین ہفتہ بوضع تنخواہ سید ظہیر حسین انسپکٹر مویشی خانہ جات بوجہ علالت بسلسلۂ رخصت سابقہ مورخہ ۱۷ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

حکم

بموجب رپورٹ سید ظہیر حسین انسپکٹر مویشی خانہ جات کی رخصت تین ہفتہ بوضع تنخواہ ۱۷ر جنوری سنہ ۱۹۲۶ء سے بسلسلہ رخصت سابقہ منظور رہی۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲۰ر جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

مثنہ عرضداشت صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات دربارہ منظوری رخصت چار ماہ بوضع تنخواہ بابو فاروق حسین سپرنٹنڈنٹ دفتر تعمیرات از ۱۲ر جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

حکم

بموجب رپورٹ رخصت چار ماہ بوضع تنخواہ منظور ہوئی۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تبادل

۱۷ر جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

بمصدرہ حکم بندگان عالی حضور مد ظلہ دام اقبالہم وملکہم مورخہ ۱۳ر جنوری سنہ ۱۹۲۶ء دربارہ مقرر کئے جانے مبلغ تیس روپیہ ماہوار چھیلا خان ہیڈ کانسٹبل مشاہرہ بیس روپیہ ہوئے صیغہ پولیس سے تبدیل ہو کر مہمان خانہ سرکاری میں۔

حکم

بمنشاء حکم بندگان عالی حضور مد ظلہ دام اقبالہم وملکہم احکام ضابطہ جاری ہوں نقل حکم بخدمت شریف جناب صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر مرسل ہو۔ اصل کاغذات بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس مرسل ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۱۶ر جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

حسب مراسلہ تحریر صاحب میڈیکل افسر تبادلہ ڈاکٹران مفصلہ تحت انتظامًا یکم فروری سنہ ۱۹۲۶ء سے منظور کئے گئے۔

ڈاکٹر محمد عازم متعینہ شفاخانہ جیل کو چونکہ انکی تنخواہ تیس روپیہ سے زائد یعنی پچاس (?) ماہوار ہے۔ دس روپیہ جو جیل الاونس ہے نہیں ملیگا۔ بلکہ جو ہے بحال برقرار رہیگا۔

(۱) ڈاکٹر عاشق علی متعینہ شفاخانہ کیمری سے شفاخانہ شاہ آباد کو بجائے ڈاکٹر محمد عازم کے۔

(۲) ڈاکٹر محمد عازم متعینہ شفاخانہ شاہ آباد شفاخانہ شاہ آباد سے شفاخانہ جیل کو بجائے ڈاکٹر منوہن لال کے۔

(۳) ڈاکٹر منوہن لال متعینہ شفاخانہ جیل شفاخانہ جیل سے شفاخانہ کیمری کو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت

واقع ۶ر جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

مثنہ تحریر ہیلتھ افسر صاحب دربارہ خریداری ایک موٹر لاری بنا بر برداشتگی کوڑہ کو تہیات وشہر

رپورٹ ہائے منسلکہ سے واضح ہے کہ شہر کی صفائی کا انتظام قابل اطمینان نہیں ہے بجٹ سال رواں میں جو انتظام تجویز کر کے رقوم رکھی گئی تھیں وہ منظور نہیں ہوئیں اس لئے ضرورت ہے کہ بغیر زیادتی مصارف کی صفائی شہر کا انتظام کیا جائے اسلئے یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ ہیلتھ افیسر کی موٹر لاری فی الحال میونسپلٹی میں منتقل کردی جائے میونسپل افسر صاحب بمشورہ ہیلتھ افسر صاحب مناسب موقعوں پر کوڑے کے ڈلاؤ تجویز کریں جہاں کوڑہ جمع ہو کر روزانہ ذریعہ لاری مذکورہ شہر سے باہر پہنچا دیا جایا کرے۔ پٹرول وغیرہ کے مصارف موجودہ بجٹ میونسپلٹی میں کفایت نکالکر کئے جائیں۔ ہیلتھ افیسر کی لاری مذکورہ کیواسطے زیادہ کام نہیں ہے۔ اور بغیر لاری کے دیگر ذرائع سے بغیر کسی ہرج کے کام چلایا جاسکتا ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت

علمی ذخیرہ — اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہیں

قول شافی — یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے جلد دوم کا پہلا حصہ۔ قیمت ۱۲ آنہ

التوحید — یہ کتاب جامع عادی (?) کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے۔ قیمت ۱۲ آنہ

خصائص معاویہ — یہ کتاب جامع عادی (?) کی جلد اول [illegible] قیمت [illegible]

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۱۰ لغایت ۲۴ جنوری ۱۹۲۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰۴ ار	۵ ار	۵ ار		۵ ار	۵ ار	
نخود خالص	۶ ار	۷ ار	۸ ار		۱۰۷ ار	۱۰۶ ار	
نخود کم آمیز	۷ ار	۱۰۷ ار	۷ ار		۰	۱۰۷ ار	
کٹ	۷ ار	۷ ار	۷ ار			۷ ار	
ماش	۵ ار	۱۰۵ ار	۵ ار		۱۰۵ ار	۵ ار	
مونگ	۵ ار	۵ ار	۵ ار		۰	۵ ار	
مکا	۱۰۶ ار	۱۰۶ ار	۶ ار		۱۰۷ ار	۰	
[illegible]	۶	-	۰		۰	۹ ار	
گوجئی	۱۰۶ ار	۰	۰		۰	۸ ار	
عدس	۱۰۵ ار						
ارہر	۱۰۶ ار	۵ ار					
برنج	۵ ار	۵ ار	۱۰۴ ار		۰	۵ ار	
روغن زرد	۲ چھٹانک	۱۰ ار	۲ چھٹانک		۱۰ ار	۲ چھٹانک	
روغن سیاہ	۱۱ ار	۱۱۱ ار	۱۱ ار		۱۱۱ ار	۱۰۱ ار	
روغن کنجد	۱۱۱ ار	۱۱ ار	۱۱ ار		۱۱ ار	۱۱ ار	
نمک سانبھر	۱۲ ار	۱۰ ار	۱۲ ار		۰	۱۲ ار	
نمک لاہوری	۶ ار	۸ ار	۶ ار		۰	۸ ار	
قند سیاہ	۴ ار	۵ ار	۵ ار		۵ ار	۵ ار	
باجرہ	۱۰۵ ار	۱۰۵ ار				۶ ار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا